**اپنے مطالبات کے حق میں پرامن احتجاج کرنے والے پی آئی اے کے ملازمین پر پولیس اور دیگر افراد کے بہیمانہ تشدد، لاٹھی چارج اور گرفتاریاں قابل مذمت ہیں۔ الطاف حسین**

**اپنے مطالبات کے حق میں پرامن احتجاج کرنا پی آئی اے ملازمین کا آئینی وقانونی اور جمہوری حق ہے**

**پی آئی اے ملازمین کے پرامن احتجاج کو تشدد کے ذریعے کچلنے کے بجائے انکی بات سنی جائے اور معاملے کو طاقت کے بجائے بات چیت اور افہام وتفہیم کے ذریعے جلد از جلد حل کیا جائے۔ جناب الطاف حسین**

**پی آئی اے کے ملازمین پر لاٹھی چارج، وحشیانہ تشدد اور بہیمانہ سلوک کا فوری نوٹس لیا جائے، تشدد میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی کی جائے اور گرفتار کئے جانے والے ملازمین کو فی الفور رہا کیا جائے**

**تشدد کے نتیجے میں زخمی ہونیوالے پائلٹ، ایئر ہوسٹسز، انجینئرز اور دیگر شعبوں سے وابستہ ملازمین سے الطاف حسین کا اظہار ہمدردی**

لندن۔۔۔11 فروری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی ایئرپورٹ پر اپنے مطالبات کے حق میں پرامن احتجاج کرنے والے پی آئی اے کے ملازمین پر پولیس اور دیگر افراد کے بہیمانہ تشدد، لاٹھی چارج اور گرفتاریوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے ۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پی آئی اے کے پائلٹ، ایئر ہوسٹسز انجینئرز اور دیگر شعبوں سے وابستہ ملازمین چندروز سے اپنے مطالبات کے حق میں پرامن احتجاج کررہے ہیں جوان کا آئینی وقانونی اور جمہوری حق ہے لیکن انکے پرامن احتجاج کو کچلنے کیلئے انتظامیہ کی جانب سے طاقت کا استعمال کیا جارہاہے، دوروز پہلے اے ایس ایف کے ذریعے ان ملازمین پر تشدد کیا گیا اور آج ایک بار پھر پولیس اور انتظامیہ کے حامی افراد نے اپنے مطالبات کے حق میں پرامن احتجاج کرنے والے پی آئی اے کے نوجوان وبزرگ ملازمین حتی کہ خواتین پر اچانک حملہ کرکے انہیں جس بہیمانہ طریقے سے تشدد کا نشانہ بنایا اوران کے ساتھ جو بہیمانہ سلوک کیا گیا، ایم کیوایم اس کی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ تشدد اور ظلم وبربریت کا یہ طرزعمل کسی بھی طرح نہ تو پی آئی اے کے مفاد میں ہے، نہ ملک کے مفاد میں ہے اور نہ ہی یہ جمہوری تقاضوں کے مطابق ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی آئی اے ملازمین کے پرامن احتجاج کو تشدد کے ذریعے کچلنے کے بجائے ان کی بات سنی جائے اور معاملے کو طاقت کے بجائے بات چیت اور افہام وتفہیم کے ذریعے جلد از جلد حل کیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ پی آئی اے کے ملازمین پر پولیس اور دیگر افراد کے لاٹھی چارج، وحشیانہ تشدد اور بہیمانہ سلوک کا فوری نوٹس لیا جائے، تشدد میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی کی جائے اور گرفتار کئے جانے والے ملازمین کو فی الفور رہا کیا جائے۔ انہوں نے تشدد کے نتیجے میں زخمی ہونیوالے پی آئی اے ملازمین سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔

☆☆☆☆☆